از۔شیخ عبدالرب سوت والا (FCA)

Date; 16-02-2026.

ایک تعارف۔(PS Professional Forum (PSPF

شکوہ ظلمت سے تو کہیں بہتر تھا۔ اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

راقم کے ددھنیال (سوت والا فیملی) اور ننھیال (اشفاق انعام الٰہی فیملی) کا برادری سے گہرا تعلق رہا ہے اور خدمتوں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے، بنیادی طور پر دونوں طرف کے اکابرین کی معاشی مصروفیات ان کے ذاتی کاروبار ہیں، جبکہ راقم 1994 سے چارٹرڈ اکاؤنٹنسی کے پروفیشن سے وابستہ ہے اور دنیا کی تین بڑی اکاؤنٹنسی کمپنیز (C A Firms) کے پاکستان میں دفاتر سے منسلک رہا ہے، اس کے علاوہ PICG,ICAP,LUMS کے ٹریننگ فیکلٹی سے بھی رابطے میں رہا ہے۔

ان تمام وابستگیوں اور بے شمار کاروباری روابط جس میں پاکستان کے تمام کارپوریٹ اداروں کے اسپانسرز اور فیملیز میمن، سندھی، پارسی، آغا خانی، اہل تشیع، بوہرہ، چنیوٹی، اور پنجابی کیمونیٹی کے سرکردہ اکابرین اور پروفیشنلز سے رابطہ رہا ہے، اور ان کے ساتھ کام کر کے ان سب کی سوچ اور مسائل کا بخوبی اندازہ ہے۔

زندگی کے ان تمام مراحل اور بے مثال تجربوں کی روشنی میں جب ماضی پر نظر دوڑتی اور اپنی برادری کی کیفیت کا اندازہ کیا تو آشکار ہوا کہ ہم انفرادی طور پر اپنے کاموں میں یکتا ہیں، مگر کاروباری مزاج کی مغلوبیت کی وجہ سے ایک پروفیشنل اجتماعیت کی کیفیت معدوم ہے۔

میمن برادری سے ایک خاص تعلق ہونے کی وجہ سے اکثر WMO اور MPF کی نشتوں میں بطور مہمان/اسپیکر شرکت کی جس سے پروفیشنل اجتماعیت کے خیال کو مزید تقویت ملی، اور پھر اسی کو اپنی برادری کے لئے عملی جامہ پہنانے کا عزم کیا اور اپنے حصے کی شمع کو روشن کرنے کا فیصلہ کیا، ابتدا میں چند تجربہ کار دوستوں اور mentors جس میں جناب ڈاکٹر ہادی شاہد صاحب (FCA)، جناب شیخ سعید صاحب اللہ والا، جناب اقبال یوسف صاحب (FCA)، اور جناب مزمل فیروزی صاحب (FCA) شامل ہیں سے مشورہ کیا، حوصلہ افزائی کی نوید ملنے کے بعد کچھ ہم خیال دوستوں سے بات کی جنہوں نے ساتھ دینے کا یقین دلایا۔

ان تمام حوصلہ افزائیوں کے بعد PSPF کی بنیاد رکھی گئی اور 29 اگست 2025 کو یونین کلب میں اس کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

PSPF کا بنیادی مقصد برادری میں پروفیشنل اجتماعیت کو فروغ دینا ہے، Globalization کی وجہ سے آج دنیا سمٹ کر ایک موبائل فون میں پر آ گئی ہے، ماضی میں جس چیز کی کھوج پر ہمیں عرصہ لگتا تھا، وہ آج انٹرنیٹ کی وجہ سے ایک پانچ سالہ بچہ کی بھی رسائی میں ہے، دنیا کی اس تغیراتی تبدیلی کی وجہ سے آج کی دولت net working کی طاقت ہے چاہے وہ کسی بھی درجہ کی ہو بدلتے رنگوں اور زمانے میں وہی لوگ کامیاب رہتے ہیں جو زمانے کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں، ہماری دلی کی روایات اور شاہی پکوان، (نہاری، زعفرانی قورمہ/بریانی، شب دیگ، اور روغنی بغیر چھیڑے کی روٹی) روایات تو ہو سکتی ہیں مگر ہماری پہچان ہرگز نہیں ہونی چاہئے۔

شان یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا کہ صبح و شام بدلتی ہے انکی تقدیریں

برادری کے پروفیشنل مرد اور خواتین جس میں ڈاکٹر، وکلاء، اکاؤنٹنٹ، IT، انجینیرز، سائنٹس، اور ٹیکنالوجی، بینک اور فنانس، کیپیٹل مارکیٹ، آرکیٹیک، سول سروس اور فورسز شامل ہیں کی بڑی کثیر تعداد موجود ہے جو پاکستان اور بیرون ممالک میں بھی بے انتہا کامیاب ہیں، مگر انفرادیت میں، وہ نہ اپنے پروفیشن میں نہ ایک اکائی کی شکل اختیار کر سکے ہیں اور نہ برادری میں پروفیشنل اجتماعیت کا احساس حاصل کر سکے ہیں، اس کی وجہ سے برادری بھی اپنے پروفیشنل تشخص سے محروم ہے اور آنے والی نسلیں بھی علم اور تجربے کے اس عظیم خزانے سے محروم ہیں۔

----------بقیہ صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیے----------

----------بقیہ صفحہ 2----------

PSPF کے قیام کے بنیادی مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ خالصتاً غیر سیاسی،

2۔ پروفیشنل اجتماعیت اور نیٹ ورکنگ کا فروغ،

3۔ برادری کے علم اور تجربے کو یکجا کر کے ایک تھنک ٹینک کا قیام، جس سے برادری کے تمام افراد مستفیض ہو سکیں،

4۔ مختلف پروفیشن کے لوگوں کو ایک جگہ یکجا کر کے critical thinking and diversification کو فروغ،

5۔ آنے والی نسلوں کے لئے mentoring اور کیریر گائڈنس کے لئے منظم رابطہ کا ذریعہ،

6۔ برادری کے موجودہ پروفیشنلز کے لئے باہمی رابطہ اور career progression میں مدد،

(PSPF) کوئی فنڈ ریزنگ یا مالی معاونت فراہم کرنے کا ادارہ نہیں ہے البتہ، well deserving education cases کو صاحب حیثیت لوگوں کو refer کر سکتا ہے)

PSPF کی ابتدائی شکل ایک WhatsApp group کی ہے اور باقاعدہ ممبر شپ فارم بھی جاری کیا گیا ہے، وقت اور کام کی مضبوطی کے بعد اسے ایک کارپوریٹ شکل دی جائیگی.

شخصیت پرستی سے آزاد اور perpetual sucession کو یقینی بنانے کے لئے ایک 9 رکنی کور کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو اس فورم کے تمام امور باہمی رضامندی سے طے کرے گی۔

اس میں شامل افراد (1) جناب ڈاکٹر ہادی شاہد صاحب، (FCA)، (2) جناب شیخ سعید صاحب اللہ والا، (3) جناب زبیر الٰہی صاحب (4) محترمہ ڈاکٹر شائستہ افضل سعید صاحبہ (5) محترمہ صوفیہ سعید شاہ صاحبہ، (6) محترمہ شائستہ خالق رحمان صاحبہ، (7) جناب اظفر نسیم صاحب، (8) جناب عبدالرافع شاہد، اور (9) شیخ عبدالرب سوت والا (FCA) شامل ہیں۔ یہ تمام اکابرین اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اپنے اپنے شعبوں میں نمایاں کام انجام دے رہے ہیں۔

امور کو منظم انداز میں چلانے کے لئے Verticals 4 کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جس میں:

(1) ۔ممبر شپ کے معاملات کو منظم، اور شفاف رکھنے کے لئے ممبر شپ کمیٹی کا قیام جس کی رہنمائی کی ذمہ داری **جناب زبیر الٰہی صاحب** کے سپرد کی گئی ہے۔

(2)۔professional mentoring and conselling کے عمل کو جاری کرنے کے لئے **محترمہ شائستہ خالق رحمان صاحبہ** کی سربراہی میں کمیٹی بنائی گئی ہے۔

(3)۔خواتین کی شمولیت کو فروغ دینے کے لئے اور معاشرے میں پروفیشنل خواتین کی حوصلہ افزائی اور مشاورت کے لئے women inclusion committe بنائی گئی ہے اور جس کی سربراہی **محترمہ صوفیہ سعید شاہ صاحبہ** کر رہی ہیں جو بذات خود ایک وکیل اور ممبر نیشنل اسمبلی (MNA) ہیں۔

(4)۔ باہمی روابط کو فروغ دینے social media managment کے لئے digital and event committee کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کی قیادت **جناب عبدالرافع شاہد صاحب** کر رہے ہیں۔

آج PSPF کے ممبران کی تعداد 200 سے زائد ہے اور اس میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ جاری ہے۔

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر　　لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

PSPF کی ممبر شپ کے لئے صرف دو شرائط ہیں (1) پروفیشنل qualification (2) برادری سے وابستگی،

----------بقیہ صفحہ 3 پر ملاحظہ فرمائیے----------

----------بقیہ صفحہ 3----------

آج کے دور میں تعلیم کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا، معاشرے میں اپنی جگہ اور پہچان بنانے کے لئے اسکی بے انتہا ضرورت ہے، برادری کا ایک طبقہ اپنی معاشی جدوجہد میں اتنا مصروف ہے کہ اس کے پاس اپنے لئے سوچنے کا بھی وقت نہیں ہے، وسائل کی کمی اور سوچ کے محدود ہونے کے سبب وہ اپنی سوشل اور ذاتی زندگی میں کوئی تبدیلی نہیں لا سکتا، برادری کی اکثریت اس وقت چھوٹے کاروباروں جسمیں کنسٹرکشن، کیٹرنگ، اور چھوٹی ریٹیل شامل ہیں سے منسلک ہیں، مگر ایک روشن خیال خاندان کی تعمیر کے لئے اعلیٰ تعلیم کی افادیت سے محروم ہیں، PSPF سے آگاہی ان کے لئے بھی ایک روشن خیالی کی نوید ہے۔

اجتماعیت کی ایک جھلک میں نے MPF میں دیکھی عرصہ 40 سال میں ان کے 2600 ممبر ہیں، جس میں سے 1200 اکاؤنٹنٹ بے شمار ڈاکٹر، انجینیر زاور دیگر پروفیشنل ہے، اب وہ اس کے توسط سے میمن برادری کے نوجوان کو مقابلے کے امتحان اور فورسسز میں داخلے کی ترغیب اور ترتیب دے رہے ہیں، اور آنے والے سالوں میں وہ اس میں خاطر خواہ اضافہ کی امید رکھتے ہیں۔

PSPF صرف برادری کے لئے ہے اور برادری کا ہے، لوگ آتے جاتے رہتے ہیں مگر ادارے قائم رہتے ہیں اور ہماری کور کمیٹی کا عظم اسکو ایک ادارے کی شکل دینے کا ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمارے اس کام میں خیر و برکت عطا فرمائے،

میرا ذاتی مفاد صرف اسکی کامیابی اور مقصد کے حصول سے وابسطہ ہے، ایک چھوٹی سی کوشش اور صدقہ جاریہ ہے جو وقت کے ساتھ لوگوں کو منتقل ہوگا۔ میں نے اپنے حصے کی شمع جلادی ہے اب آگے کور کمیٹی اور دیگر ممبران کا کام ہے کہ وہ اس کو آگے بڑھائیں، برادری کے اکابرین اور corporates سے بھی درخوست ہے کہ وہ بھی اس کام کی سرپرستی فرمائیں۔

دائم آباد رہے گی دنیا ہم نہ ہونگے کوئی ہم سا ہوگا

------کور کمیٹی------

(1) جناب ڈاکٹر ہادی شاہد صاحب، (FCA)

(2) جناب شیخ سعید صاحب اللہ والا

(3) جناب زبیر الٰہی صاحب

(4) جناب عبدالرافع شاہد

(5) محترمہ صوفیہ سعید شاہ صاحبہ

(6) محترمہ شائستہ خالق رحمان صاحبہ

(7) محترمہ ڈاکٹر شائستہ افضل سعید صاحبہ

(8) جناب اظفر نسیم صاحب

(9) شیخ عبدالرب سوت والا (FCA)

رابطہ: pspf2026@gmail.com

https://www.linkedin.com/groups/17392031/